# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 09 October-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۹/اکتوبر ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## :::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ قومی ترقی کو رفتار دینے میں مہاراشٹر سب سے آگے ہے۔نئی ممبئی بین الاقوامی طیران گاہ کی افتتاحی تقریب میں وزیراعظم کا اعتراف۔

☆ 'ایز آف ڈوانگ بزنس' میں سرمایہ کاروں کے مسائل کو حل کرنے کو حکومت کی ترجیح۔برطانوی وفد کے ساتھ ملاقات میں وزیراعلیٰ کا تیقن

☆ سیلاب زدہ علاقوں کے طلباء کی امتحانی فیس معاف کرنے کا ریاستی حکومت کا فیصلہ۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع انتظامیہ کی جانب سے کسانوں کے لیے ''ہاتھ مدد کا'' مہم۔

اور۔۔۔☆ خواتین کے عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں آج بھارت کا مقابلہ جنوبی افریقہ سے۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک کی ترقی کو رفتار دینے میں مہاراشٹر سب سے آگے ہے۔نئی ممبئی بین الاقوامی طیران گاہ کا افتتاح کل وزیر اعظم نریندر مودی کے ہاتھوں عمل میں آیا۔اس موقع پر وہ خطاب کر رہے تھے۔اس کے علاوہ ممبئی میٹرو کے تیسرے مرحلے اور ممبئی عظمیٰ ریجن کی تمام عوامی حمل ونقل خدمات کے لیے ٹکٹ فراہم کرنے والے ملک کے پہلے موبیلیٹی ایپ ''ممبئی ون'' کا فتتاح بھی انہوں نے کیا۔

سرکاری صنعتی تربیتی اداروں کے جدید اور قلیل مدتی نصاب کی پہلی بیچ کا آغاز بھی وزیراعظم کے ہاتھوں ہوا۔اپنے خطاب میں وزیراعظم نے گزشتہ 11/برسوں میں ترقی یافتہ بھارت کے عزم کو پورا کرنے کے لیے ترقیاتی کاموں کی رفتار میں اضافہ ہونے کی بات کہی۔انہوں نے کہا۔۔۔

**Byte: PM Modi on Viksit Bharat**

اس موقع پر شہری ہوابازی کے مرکزی وزیر کے۔رام موہن نائیڈو، مملکتی وزیر مرلی دھر موہوڑ، گورنر آچاریہ دیوورت، وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس، نائب وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے، نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار سمیت کئی معزز شخصیات موجود تھیں۔نوی ممبئی کے اس ہوائی اڈے پر دو ٹرمنل ہیں جو زیر زمین سرنگوں سے جڑے ہیں۔طیران گاہ پر دو الگ الگ رن وے ہیں اور ہر رن وے پر ایک الگ ٹیکسی وے بنایا گیا ہے۔

وزیراعظم نے کہا کہ نئی ممبئی طیرانگاہ کے باعث کسانوں، ماہی گیروں اور چھوٹے کاروباریوں کے لیے عالمی منڈی میں مصنوعات بھیجنا آسان ہو جائے گا۔انہوں نے کہا۔۔۔

**Byte: PM Modi on Airport**

انہوں نے بتایا کہ اشیاء وخدمات ٹیکس یعنی GST کے ٹیکس ڈھانچے میں اصلاحات کے سبب اس سال نوراتری کے دوران ریکارڈ کاروبار ہوا۔ اور حکومت آئندہ بھی اس طرح کے فیصلے کرتی رہے گی۔انہوں نے شہریوں سے مقامی پالیسی اپنانے کی اپیل کی۔

اس موقع پر وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پال گھر ضلع کی واڈھون بندرگاہ وزیراعظم کی جانب سے دیا گیا تحفہ ہے۔اور اسی مقام پر ملک کا پہلا آف شور ہوائی اڈہ تعمیر کیا جارہا ہے۔اور اسی مقام پر چوتھی ممبئی بھی تعمیر ہوگی۔انہوں نے مزید کہا کہ مہاراشٹر کی ترقی کے لیے وزیراعظم کی مکمل حمایت حاصل ہے اوران کی رہنمائی میں ریاست تیزی سے ترقی کر رہی ہے۔نائب وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے یاد دہانی کروائی کہ اس طیرانگاہ کا سنگ بنیاد بھی وزیراعظم نے ہی رکھا تھا۔انہوں نے سیلاب زدگان کی مدد کے لیے مرکزی حکومت سے تعاون کی اپیل بھی کی۔

**** **** *****

اسی دوران برطانیہ کے وزیراعظم کیراسٹارمر کے ساتھ آج وزیراعظم نریندر مودی ممبئی کے راج بھون میں باہمی امور پر گفت وشنید کریں گے۔بعد ازاں یہ دونوں رہنما ممبئی کے گلوبل فنٹیک فیسٹ میں شرکت کر کے صنعت کاروں سے بھی بات چیت کریں گے۔

**** **** *****

اسٹیٹ بینک کے چیئر مین سی ایس شیٹی نے کہا ہے کہ بینکوں کے KYC عمل کو آسان بنانے کے لیے کوششیں کی جارہی ہیں۔وہ کل فنٹیک فیسٹ میں گفتگو کر رہے تھے۔انہوں نے بتایا کہ یو پی آئی صارفین اب Debit Card کے بغیر ATM میں نقد رقم جمع کرواسکتے ہیں۔اس کے علاوہ وہ قرضوں کی اقساط کی ادائیگی اور تھرڈ پارٹی لین دین کرنا بھی اب اسی ذریعے سے ممکن ہوسکے گا۔

**** **** *****

وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ Ease of Doing Business پالیسی کے ذریعے سرمایہ کاروں کے مسائل فوری طور پر حل کرنا حکومت کی پالیسی ہے۔کل ممبئی میں برطانوی وفد کے ساتھ ملاقات میں انہوں نے یہ عندیہ دیا۔ریاست میں سرمایہ کاری کا سازگار ماحول۔بنیادی ڈھانچے، اور مستقبل کے لائحہ عمل سے متعلق بھی انہوں نے اس غیر ملکی وفد کو تفصیلات سے آگاہ کیا۔انہوں نے کہا کہ ریاست میں چھترپتی سمبھاجی نگر الیکٹرک گاڑیوں کی صنعتوں کا مرکز بن رہا ہے۔جبکہ ناگپور سولار ماڈیول تیار کرنے کا مرکز اور پونا ہمہ گیر صنعتوں کا مرکز ہے۔اس لیے انہوں نے سرمایہ کاروں کو مہاراشٹر میں سرمایہ کاری کی ترغیب دی۔برطانوی وفد کے ارکان نے بھی مہاراشٹر میں بڑھتی صنعتوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے AI اور ٹیکنالوجی کے شعبوں میں سرمایہ کاری پر آمادگی ظاہر کی۔

**** **** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

**** **** *****

ریاستی حکومت نے سیلاب سے متاثرہ طلباء کی امتحانی فیس معاف کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔اعلیٰ اور تکنکی تعلیم کے وزیر چندرکانت پاٹل نے کل اس خصوص میں منعقدہ ایک اجلاس میں یہ اطلاع دی۔انہوں نے کہا کہ سیلاب کے باعث جن طلباء کے دستاویزات اور تعلیمی اشیاء تلف ہوگئی ہیں، ایسے کسی بھی طالب علم کو تعلیم سے محروم نہیں ہونے دیا جائیگا۔انہوں نے تعلیمی اداروں سے بھی اپیل کی کہ وہ متاثرہ طلباء کی مدد کے لیے سماجی ذمہ داری سمجھ کر آگے آئیں۔

**** **** *****

شیوسینا ایکناتھ شندے گروپ کو پارٹی کا نام اور انتخابی نشان تیر کمان دینے کے عدالتی فیصلے کے خلاف ادھوٹھاکرے کی درخواست عدالت عظمیٰ آئندہ 12 نومبر کو سماعت کرے گی۔کل ہوئی شنوائی میں ادھوٹھاکرے کی جانب سے معروف قانون داں کپل سبل نے دلائل دیئے۔انہوں نے کہا کہ مقامی بلدی اداروں کے انتخابات جنوری 2026 میں متوقع ہیں۔اس لیے اس کیس کی سماعت جلد از جلد مکمل کی جائے۔

**** **** *****

لاتور ضلع کے اوسا حلقے کے متاثرہ کسانوں کو حکومت کے مساوی معاوضہ دینے کا اعلان رکن اسمبلی ابھیمنیو پوار نے کیا ہے۔ پوار کے کریڈیو فاؤنڈیشن اور پونا کے ابھئے بھوتڑا فاؤنڈیشن کی معرفت یہ امداد دی جائے گی۔صنعت کار بی ٹھومبرے کے ہاتھوں بہت جلد دیوالی فوڈ پیکیٹ اور خوشحالی چیک متاثرین میں تقسیم کیے جانے کا بھی انہوں نے اعلان کیا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع انتظامیہ نے خودکشی کرنے والے اور شدید بارش سے متاثرہ کسانوں کے خاندانوں کی امداد کے لیے ''ہاتھ مدد کا'' کے عنوان سے ایک مہم شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے 11/ سے 15/ اکتوبر تک یہ مہم چلانے کی ہدایت دی ہے۔اس ضمن میں 11/ اکتوبر کو اہل خاندانوں سے درخواستیں وصول کی جائے گی۔اور انتظامیہ کو مدد سے تمام ضروری کاغذات مکمل کئے جائیں گے۔13/ اکتوبر کو ان کا جائزہ لیا جائے گا۔اور 14 اور 15/ اکتوبر کو ہر تحصیل دفتر میں ایک سادہ تقریب میں اہل خاندانوں میں امدادی چیک تقسیم کیے جائیں گے۔جو خاندان معیار پر پورا نہیں اترتے انہیں رضا کار انجمنوں اور اداروں کے ذریعے امداد دی جائے گی۔

***** ***** *****

شدید بارش سے ہونے والے نقصان کا مناسب معاوضہ دیئے جانے کے مطالبے پر چھترپتی سمبھاجی نگر میں شیوسینا اور ادھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کی جانب سے کل ضلع کلکٹر دفتر کے سامنے مظاہرہ کیا گیا۔ فی ایکڑ 50 ہزار روپیئے معاوضہ، مکمل قرض معافی اور فصل بیمہ کے معیار کو نرم کرنے جیسے مطالبات پر مشتمل ایک محضر ضلع کلکٹر کو پیش کیا گیا۔ہنگولی ضلع کے کلمنوری تحصیل دفتر کے روبرو بھی پارٹی کی جانب سے مظاہرہ کیا گیا۔اور تحصیل دار جیون کامبڑے کو مطالباتی محضر دیا گیا۔

***** ***** *****

ریاست کے وزیر برائے صحت عامہ او ور خاندانی بہبود پرکاش آبیٹکر نے کہا ہے کہ تمام ایمبولنس کے مشترکہ نیٹ ورک، آپریشن اور نگرانی کے لیے تجویز زیرِ غور ہے کل منترالیہ میں منعقدہ ایک اجلاس میں انہوں نے یہ بات کہی۔

دریں اثناء چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے پیٹھن میں ذیلی ضلع اسپتال کی تعمیر کن کے معاملے میں وزیر موصوف کی جانب سے مثبت ردِ عمل دیئے جانے کی اطلاع رکن اسمبلی ولاس بھومرے نے دی پیٹھن کی بڑھتی آبادی اور علاج معالجے کے مسائل کے پیش نظر اس اسپتال کی ضرورت پر انہوں نے زور دیا۔

***** ***** *****

خواتین کے ایک روزہ عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں میزبان بھارت کا مقابلہ جنوبی افریقہ سے ہوگا۔اس ٹورنامنٹ میں بھارت کی ٹیم چار نشانات کے ساتھ دوسے اور جنوبی افریقہ دو نشانات کے ساتھ پانچویں نمبر پر ہے۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلع میں فی الحال بارش رک جانے کے باعث یلدری۔سدھیشوراور پین گنگا پروجیکٹ سے کیا جانے والا پانی کا اخراج روک دیا گیا ہے۔ بلڈھانہ ضلع کے کھڑک پورنا ڈیم سے پورنا ندی میں چھوڑا جانے والا پانی بھی اب روک دیا گیا ہے۔تاہم پیٹھن کے جائیکواڑی آبی منصوبے سے اب بھی ساڑھے 14 ہزار مکعب فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی کی نکاسی کی جارہی ہے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ قومی ترقی کو رفتار دینے میں مہاراشٹر سب سے آگے ہے۔نئی ممبئی بین الاقوامی طیران گاہ کی افتتاحی تقریب میں وزیراعظم کا اعتراف۔

☆ 'ایز آف ڈوانگ بزنس' میں سرمایہ کاروں کے مسائل کو حل کرنے کو حکومت کی ترجیح۔برطانوی وفد کے ساتھ ملاقات میں وزیراعلیٰ کا تیقن

☆ سیلاب زدہ علاقوں کے طلباء کی امتحانی فیس معاف کرنے کا ریاستی حکومت کا فیصلہ۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع انتظامیہ کی جانب سے کسانوں کے لیے''ہاتھ مدد کا''مہم۔

اور۔۔۔☆ خواتین کے عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں آج بھارت کا مقابلہ جنوبی افریقہ سے۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****